**بینک دولت پاکستان**

**شعبہ ملکی بازار اور زری انتظام**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**ڈی ایم ایم ڈی سرکلر لیٹر نمبر 01 برائے 2019ء** 　　　　 **20 مئی 2019ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے / سرمایہ کاری بینک / فہرستی بروکریج ہاؤسز

محترم / محترمہ،

**مالی سال 2019-20ء کے لیے پرائمری ڈیلرز کا انتخاب**

مالی سال 2019-20ء کے لیے حکومتی تمسکات (یعنی پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز اور مارکیٹ ٹریژری بلز) کے پرائمری ڈیلر کے تقرر کے حوالے درخواستیں طلب کی جارہی ہیں۔ اس مقصد کے لیے پرائمری ڈیلر سسٹم کے قواعد وضوابط کے حوالے سے براہ مہربانی ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 12، بتاریخ 03 جولائی 2012ء اور ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 11، بتاریخ 31 مئی 2013ء ملاحظہ کیجیے۔

درخواست گزاروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درخواست کے ساتھ درج ذیل معلومات فراہم کریں:

1. تازہ ترین آڈٹ شدہ سالانہ رپورٹ
2. ضمیمہ اے کے مطابق پی ڈی کاروبار کے لیے مختص عملے کی تفصیل
3. ضمیمہ ب کے مطابق 31 مئی 2019ء تک انویسٹر پورٹ فولیو سیکوریٹیز (آئی پی ایس) اکاؤنٹس کی تفصیل
4. آئی پی ایس اکاؤنٹس کے لیے چارجز کا تازہ ترین شیڈول
5. سرمایہ کاری اساس میں توسیع اور حکومتی تمسکات کی ثانوی بازار میں پیش رفت کے لیے درخواست گزار کی جانب سے کیے گئے اور / یا مجوزہ اقدامات کی تفصیل، اگر ہوں تو۔

درخواستیں بنام ڈائریکٹر 'ڈومیسٹک مارکیٹس اینڈ مانیٹری مینیجمنٹ ڈیپارٹمنٹ' اسٹیٹ بینک آف پاکستان، کراچی، اختتامِ یومِ کار مورخہ 31 مئی 2019ء تک پہنچادی جائیں۔ درخواست کی سوفٹ کاپی بھی لازماً ذیل کے پتے پر ای میل کی جائیں گی۔

pd.reporting@sbp.org.pk

آپ کی مخلص،

(رضوانہ رفعت)

سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر